36906 ـ مردوں کو سونے کی انگوٹھی فروخت کرنا

سوال

اگر تاجر کو یہ یقین ہو کہ خریدار انگوٹھی خود پہنے گا تو مردوں کے لیے مخصوص تیار کردہ سونے کی انگوٹھی فروخت کرنے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر فروخت کرنے والے کو علم ہو جائے، یا اس کا غالب گمان ہو کہ خریدار سونے کی انگوٹھی خود پہنے گا، تو اسے سونے کی انگوٹھی فروخت کرنا حرام ہے، کیونکہ اس امت کے مردوں کے لیے سونا پہننا حرام ہے، تو اگر اس شخص کو فروخت کرے جس کے متعلق اسے علم ہو یا اس کا غالب گمان ہو کہ خریدار خود سونے کی انگوٹھی پہنےگا تو اس نے گناہ اور معصیت میں اس کی معاونت کی.

اور اللہ سبحانہ وتعالی نے گناہ و ظلم و زیادتی پر تعاون کرنے سے منع کرتے ہوئے فرمایا ہے:

اور تم نیکی و بھلائی کے کاموں میں ایك دوسرے کا تعاون کرتے رہا کرو، اور گناہ اور ظلم و زیادتی میں ایك دوسرے کا تعاون مت کرو المآئدۃ (2).

اس لیے سنار کے لیے مردوں کے پہننے کے لیے سونے کی انگوٹھیاں تیار کرنا حلال نہیں ہیں.